## کمیونٹی ٹول کٹ

One Clean Houston

# آپ کے شہر کو آپ کی ضرورت ہے!

صاف ستھرا ہیوسٹن (One Clean Houston) ہیوسٹن کے پڑوس میں، خاص کر ان علاقوں میں غیر قانونی طور پر کچرا پھینکنے کے مسئلے سے نمٹنے اور اسے صاف کرنے کے لیے ایک جامع منصوبہ ہے جو عادی قانون شکنوں کا ہدف بنے ہوئے ہیں۔ **یہ پیش رفت تین کلیدی شعبوں پر توجہ مرکوز کرتی ہیں: تیزرفتاری کے ساتھ صفائی، بہتر نفاذ، روک تھام اور آگہی۔**

کمیونٹی اراکین مقامی ضابطوں کے بارے میں آگہی میں اضافے، خلاف ورزی کرنے والوں کے بارے میں حکام کو مطلع کرنے اور کمیونٹی کی آرائشی کوششوں میں مدد کے ذریعے غیر قانونی طور پر کچرا پھینکنے کے مسئلے سے نمٹنے میں شہر کی مدد میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ **آپ مندرجہ ذیل CLEAN طریقۂ کار کے ذریعے حصہ لے سکتے ہیں: احتیاط**، جاننا، تعاون، احتساب، کبھی نہ رکنا۔

اس پیش رفت کے بارے میں مزید معلومات اور اس ٹول کٹ کا ویب ورژن یہاں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے

**houstontx.gov/onecleanhouston**

Department of Neighborhoods · City of Houston, Texas – Mayor Sylvester Turner · Houston Police · Crime Stoppers (Call 713.222.TIPS) · Constable Harris County Pct 1 · Solid Waste Management, City of Houston · Keep Houston Beautiful · Houston Complete Communities

| | |
|---|---|
| **احتیاط (Care):**<br>شہری انتظامیہ کو کچرے کے ڈھیر صاف کرنے میں ٹیکس دہندگان کے ہزاروں ڈالرز خرچ کرنے پڑتے ہیں۔ یہ ہماری گلیوں میں دکھائی دینے والے مسئلے سے کہیں زیادہ بڑا مسئلہ ہے، یہ بجٹ کا بھی ایک مسئلہ ہے۔ کچرا اٹھانے والی ٹیموں اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کا وہ وقت جو اس مسئلے سے نمٹنے میں صرف ہوتا ہے، اس میں کمی لا کر ہم ٹیکس دہندگان کو درپیش لاگت میں بھی کمی لا رہے ہیں۔ صاف ستھرا Houston کے بارے میں مزید پڑھنے کے لیے وقت نکال کر آپ مدد کے راستے پر پہلے ہی گامزن ہو چکے ہیں ۔ | **C** |
| **جاننا (Learn):**<br>زیادہ تر لوگ کچرا اٹھانے اور ری سائیکل کرنے کے اپنے اوقات کار سے آگاہ ہوتے ہیں، لیکن یہ سیکھنا کٹھن ہو سکتا ہے کہ ہر قسم کے کچرے کو درست طور پر کہاں پھینکا جائے۔ یہ جاننے کے لیے کہ ہر طرح کے ملبے کو کیسے درست طور پر ٹھکانے لگایا جائے، براہِ کرم Houston شہر کے کچرے کے بارے میں حقائق کو دیکھیں۔ آئندہ صفحات میں آپ ہماری کمیونٹی میں کچرا پھینکنے کے مقامات کے نقشے سمیت مزید معلومات پائیں گے۔ آپ شہر کی کچرے کی ویب سائٹ پر، نیز بذریعہ ڈاؤن لوڈ HTX Collectsایپ پر، یا 3-1-1 پر کال کے ذریعے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ | **L** |
| **تعاون (Engage):**<br>**اپنی کمیونٹی کے ساتھ تعاون کریں اور انہیں آگہی دیں!** اپنے معلومات دوسروں تک پہنچائیں! یقینی بنائیں کہ آپ کے پڑوسی اور مقامی کاروبار اس بارے میں معلومات حاصل کر رہے ہیں کہ کمیونٹی میں کچرا پھینکنے کے مقامات کہاں ہیں، کچرا پھینکنے کے خصوصی دن، نیز کچرے/ری سائیکل کے سامان کو اٹھانے کے حوالے سے کیا کرنا چاہیئے اور کیا نہیں کرنا چاہیئے۔<br>• کمیونٹی میں صفائی کی مہم کے لیے رضاکارانہ کام کریں - Houston کو خوبصورت رکھیں میں شامل ہوں (فون نمبر 832-834-6105 پر کال کریں)<br>• اپنے پڑوس کی صفائی کا آغاز کریں۔ ذیل میں صفحات 9-4 دیکھیں اور درخواست کرنے کے لیے 3-1-1 پر کال کریں (SWD کچرے دان اور مطلوبہ سامان فراہم کر سکتا ہے)۔<br>• کاٹھ کباڑ کو پھینکنے اور صفائی کی خصوصی مہمات کے بارے میں پڑوس کے سوشل میڈیا گروپس یا بلیٹن بورڈز پر شائع کریں | **E** |
| **احتساب (Accountability):**<br>غیر قانونی طور پر کچرا پھیکنے والوں کا احتساب کریں۔ اولاً کچرا پھینکنے کی سرگرمی کے بارے میں معلومات اکٹھی کریں :جس مقام پر کچرا پھینکا گیا، اس کا اندازاً پتہ، تاریخ اور وقت جب آپ نے کچرا پھینکے جانے کا مشاہدہ کیا یا کچرا پھینکنے کے نتائج اور سرگرمی کی تصویر۔ براہِ کرم خلاف ورزی کرنے والوں سے بحث میں الجھ کر خود کو خطرے میں مت ڈالیں۔<br><br>اپنے محلے پڑوس **غیر قانونی طور پر کچرا پھینکنے** کی اطلاع دینے کے لیے آپ کے پاس تین راستے ہیں :311<br>• Houston کی 3-1-1 سروس سے بذریعہ فون یا آن لائن 311 پورٹل ہوم پیج پر رابطہ کریں۔<br>• **بذریعہ ٹیلی فون Houston کی 3-1-1,خدمت سے رابطہ کریں یا اگر آپ کچرا پھینکنے کے عینی شاہد ہیں یا جانتے ہیں کہ ایسا کس نے کیا ہے تو، Houston پولیس کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحقیقات کے یونٹ کو فون نمبر 525-2728 (713) پر کال کے ذریعے** براہِ راست اطلاع دیں۔<br>• یا **فون نمبر (.TIPS) 713-222-8477 پر کرائم اسٹاپرز** سے کال کے ذریعے رابطہ کر کے یا آن لائن کرائم اسٹاپرز ٹپ لائن پر ٹپ جمع کروا کر مطلع کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس ایسے معلومات ہیں جو کسی گرفتاری کا پیش خیمہ ثابت ہوتی ہیں، تو آپ $5,000 تک کے انعام کے حقدار ہو سکتے ہیں۔<br><br>کرائم اسٹاپرز سے غیر قانونی کچرا پھینکنے والوں کے خلاف ٹپس دینے کی حوصلہ افزائی کرنے والے یارڈ سائنز کی درخواست کرنے کے لیے فون نمبر (.TIPS) 713-222-8477 پر کال کریں۔ | **A** |
| **کبھی نہ رکنا (Never stop):**<br>نوجوان نسل کو ’صاف ستھرا Houston میں شمولیت اختیار کرنے اور اسے برقرار رکھنے کے بارے میں تعلیم دے کر اس پیغام کو پھیلانے کا سلسلہ جاری رکھیں تاکہ وہ ہمارے شاندار شہر میں ایک صاف، محفوظ اور صحت مند مستقبل کا لطف اٹھا سکیں!<br><br>ہر فرد ایک صحت مند اور محفوظ ماحول میں جینے کا حق رکھتا ہے اور ہم تمام افراد اپنی کمیونٹی کو صاف اور کچرے و دیگر ماحولیاتی خطرات سے پاک رکھنے کے لیے ذمہ دار ہیں۔ 'صاف ستھرا Houston کی تخلیق کے لیے ہم سب کو مل جل کر کام کرنا ہو گا۔ | **N** |

**سڑک کنارے کے اختیارات:**

**درختوں کا کچرا اور کاٹھ کباڑ کا پروگرام**

درختوں کا کچرا صرف طاق مہینوں میں اکٹھا کیا جاتا ہے۔ **کاٹھ کباڑ جفت مہینوں میں اکٹھا کیا جاتا ہے۔** کاٹھ کباڑ میں ایسی اشیاء شامل ہیں جیسا کہ فرنیچر، اپلائنسز، تعداد میں چار کی حد تک ٹائر اور دیگر بھاری بھرکم سامان۔ سامان، اکٹھا کرنے کے لیے طے شدہ دنوں پر صبح 7 بجے تک سڑک کے کنارے چبوترے پر رکھ دیے جائیں۔ درختوں کا کچرا/کاٹھ کباڑ اٹھانے کے لیے طے شدہ دن پر فی گھر آٹھ کیوبک گز تک کچرا اٹھایا جائے گا۔ اپنے لیے خدمات کا دن جانیں - اپنا پتہ تلاش کریں یا 3-1-1 پر کال کریں۔


**پھینکنے کے اختیارات:**

**پڑوس میں جمع کروانے/ری سائیکل کرنے کے مقامات**

ہیوسٹن کے رہائشی میٹریسز، ایروسول کینز، کنکریٹ، ری سائیکل کیے جانے کے قابل عمومی اشیاء اور فی ماہ 10 آٹوموبائل ٹائرز سمیت (فی چکر پانچ تک) اشیاء کو جمع کروا سکتے ہیں۔

شمال - 9003 N Main St., 77022
شمال مغرب - 14400 Sommermeyer St., 77041
شمال مشرق - 5565 Kirkpatrick Blvd., 77028
جنوب مشرق - 2240 Central Street 77017
جنوب - 5100 Sunbeam St., 77033
جنوب مغرب - 10785 SW Freeway 77074

**رہائشی ثبوت کے تقاضے:** آپ کو ریاستِ ٹیکساس کا جاری کردہ موجودہ شناختی کارڈ اور ایک یوٹیلیٹی بل یا لیز معاہدہ لانا ہو گا۔ پتہ ID پر درج پتہ کے مطابق ہونا چاہیئے۔ کاروائیوں کے اصولوں اور اوقات کار کے بارے میں یہاں پر مزید جانیں۔



**'پھینکنے کے اختیارات' جاری ہیں:**

ماحولیاتی خدمات کے مراکز

یہ مقامات Houston کے رہائشیوں کو کچرا پھینکنے کی ڈرائیو تھرو جگہیں فراہم کرتے ہیں تاکہ وہ اپنے **گھر کے خطرناک کچرے (household hazardous waste, HHW) جیسا کہ اینٹی فریز، بیٹریز، ایندھن، تیل، پینٹ، کیڑے مار ادویات، پینٹ کو پتلا کرنے والے امواد، جڑی بوٹیوں کے تلف کار اور گھر کی صفائی ک اشیاء لا سکیں۔** رہائشی **الیکٹرانک کباڑ ک اشیاء بھی قبول کی جائیں گی (مانیٹرز، ٹیلی ویژنز، پرنٹرز، کی بورڈز، مائس، اسکینرز، فیکس مشینز، ٹیلی فون ہینڈ سیٹس، VCRs، CPUs، سیلولر فونز اور دیگر چھوٹی صارفی الیکٹرانکس)۔**

مقامات:

شمال - 5614 Neches Street, Building C
مہینے کی دوسرے جمعرات کو صبح 9 بجے- سہ پہر 3 بجے تک کھلتا ہے
جنوب - 11500 South Post Oak Road
ہر منگل اور بدھ کو صبح 9 بجے- سہ پہر 3 بجے تک کھلتا ہے
اور مہینے کے دوسرے ہفتے کو صبح 9 بجے - دوپہر 1 بجے تک کھلتا ہے

تعمیراتی کچرا

ءجتوٹجغ کے علاقے میں اکٹھا ہونے والے کچرے کا ایک تہائی حصہ تعمیراتی اور عمارتی ملبے پر مشتمل ہوتا ہے، جس میں سے زیادہ تر کو مصرف میں لاتے ہوئے دوبارہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مثالوں میں شامل ہیں: کیبینٹس، تانبا، دروازے، بجلی کے تنصیبات اور سامان، پنکھے، فرش کا سامان، شیشہ، گٹرز، ہارڈ ویئر، لائٹنگ، لمبر، دھات، شیشے، پائپ، پلمبنگ، پلائی ووڈ، چھت کا سامان، اسکرینز، شیٹ راک، سنکس، شاورز، ٹرم، ٹبز، دیواروں کی کورنگز، یا کھڑکیاں (پینٹ نہیں**!**)

مقام:

ReUse Warehouse 9003 N. Main Street, Houston, TX 77022
اوقات کار: منگل - جمعہ (اور مہینے کا ہر دوسرا اور چوتھا ہفتہ) صبح 8:30 تا شام 4:30 بجے۔ بندش: اتوار - پیر

**رابطہ معلومات: 281-814-3324** یا reuse.warehouse@houstontx.gov

**براہِ کرم کچرا مت پھینکیں - یاد دہانی!**

فرنیچر، ٹائرز، بڑی اپلائنسز، میٹریسیز، اور لکڑی کے تختے عام قانون شکنیوں میں شامل ہیں۔




محلوں کے
لیے گائیڈ برائے
صفائی ستھرائی
TaKasha L. Francis, Esq., Director
HOUSTON
DON
DEPARTMENT OF
NEIGHBORHOODS


آئیے آپ کے
مشن پر بات کرتے ہیں
1
ہر ایک سرگرمی کے لیے درکار اشیاء کی مقدار اور اقسام کا تعین کریں۔
پڑوس کے مقامات کی تعداد طے کریں جو آپ کے پاس ہوں گے۔
2
ان میں سے ہر ایک مقام پر بلاک کپتانوں/ٹیم کے کپتانوں کو تفویض کریں۔
3
تعین کریں کہ ہر مقام کے لیے کتنے رضاکاروں کی ضرورت ہے۔
DRT/کانسٹیبلز یا اپنے پولیس کے ذیلی تھانے سے رابطہ کریں۔
4
شروع کرنے اور ختم کرنے کے لیے ایک وقت طے کریں۔

# جانیں

**مناسب تیاریاں ہی کامیابی کی جانب لے جاتی ہیں**

- **جگہ کے معلومات** – باتھ روم تک رسائی، پارکنگ، اشارے، نقشے۔
- **جائیداد کے مالک (مالکان) سے اجازت حاصل کریں** اگر قابلِ اطلاق ہے تو (جیسا کہ Houston شہر میں خالی جگہ پر گھاس کاٹنے کے لیے پڑوسیوں کا محکمہ (Department of Neighborhoods) سے رابطہ کیا جانا چاہیئے)۔ اگر Houston شہر سے باہر ہیں تو نافذالعمل حکومتی ادارے سے رابطہ کریں **فیصلہ کریں۔**
- آغاز کے مقام اور بنیادی علاقے کے بارے میں۔

# رضاکاروں کو منظم کرنا

### رضاکاروں کے استثنیٰ فارمز


تمام شرکاء تقریب سے قبل ایک فارم مکمل کریں گے اور جمع کروائیں گے۔ اگر 18 برس سے کم عمر ہیں، تو والد/والدہ یا سرپرست کے دستخط درکار ہیں؛ فارمز ای میل کیے جا سکتے ہیں۔




### رضاکاروں کی بھرتی

رضاکاروں کی بھرتی فلائرز کی تیاری کے ذریعے یا اپنے رابطوں/ڈیٹابیس پر الرٹ کرنے والی ای میلز کے ذریعے کی جا سکتی ہیں۔ اپنے مقامی انتخابی حکام جیسا کہ شہری کونسل یا کاؤنٹی کمشنرز کے ساتھ کام کرنا۔

# رضاکاروں کے کردار





### بنیادی نوعیت کے کردار

- مقام پر کپتان - سرگرمی کے لیے رابطے کا مرکز
- بھاگ دوڑ کرنے والا - رضاکاروں کو اضافی پانی اور اوزار فراہم کرتا ہے۔
- رجسٹریشن ڈیسک اور اشیاء کی پڑتال/ذخیروں پر نظر۔
- صفائی کا عملہ - یقینی بناتا ہے کہ تمام اوزار جمع کیے گئے ہیں۔ اگر کچرے دان گنجائش سے زیادہ بھر چکے ہیں یا SWMD کچرے دان کمزور ہو گیے ہیں، تو اطلاع دیتا ہے۔

# سامان کی فہرست

| | صرف سامان | صرف کچرے دان | سامان اور کچرے دان |
|---|---|---|---|
| صفائی ستھرائی/خوبصورتی کا فارم | X | X | X |
| سامان کی فراہمی کا درخواستی فارم | X | | X |
| کچرے دان کی درخواست کا فارم | | X | X |
| کچرے دان کی تصویر | | X | X |
| سائٹ باکس اسکور فارم | X | X | X |

# سرگرمی میں لازماً شامل ہوں


**یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ آپ اپنے کام کے دن کے لیے ذیل میں موجود فارمولہ استعمال کریں۔**

- **کچرے کے تھیلے** - فی رضاکار 2 عدد (ماسوائے اس کے کہ آپ کو یہ معلوم ہو کہ آپ کو اتنے کی ضرورت نہیں ہو گی)
- **ری سائیکل کرنے کے تھیلے** - فی رضاکار 1 عدد (ماسوائے اس کے کہ آپ کو یہ معلوم ہو کہ آپ کو مزید کی ضرورت ہو گی)
- **گریبرز** آپ کے رضاکاروں کی کل تعداد کا ½ (حفاظت اور بھرتے ہوئے تھیلوں کو پکڑنے میں سہولت کی غرض سے DON بڈی سسٹم کو تجویز کرتا ہے)
- **ہینڈ سینیٹائزر** - ہر 10 رضاکاروں کے لیے 1 عدد
- **کیڑے مار اسپرے** - 3 (عام طور پر آپ کو اس سے زیادہ کی ضرورت نہیں پڑتی ماسوائے اس کے کہ آپ جانتے ہوں کہ آپ کسی ندی، دلدلی علاقے یا پانی کے کسی بڑے ذخیرے کے قریب ہوں گے)
- **سن اسکرین** - 2 (زیادہ تر رضاکار اپنا لاتے/استعمال کرتے ہیں)



# سرگرمی میں لازماً شامل ہوں (جاری ہے)

- **ابتدائی طبی امداد کی کٹ** - 1 (اگر آپ کے پاس +30 لوگوں کا بڑا گروہ ہے تو براہِ کرم 2 کی درخواست کریں)
- **تیز دھار اشیاء کے لیے ڈبے** 10 – 2 – (اس پر منحصر ہو گا کہ آپ کس علاقے میں کام کر رہے ہیں)
- **پوائزن آئیوی واش** 15 – 0 – (اگر آپ جانتے ہیں کہ آپ ایسے علاقے میں کام کریں گے کہ جہاں پوائزن آئیوی کے پودے بڑی تعداد میں موجود ہیں تو بلا جھجھک زیادہ کی درخواست کریں)
- **دستانے** - رضاکاروں کی کل تعداد جمع 10 – 5 اضافی جوڑے کیونکہ یہ پھٹ جاتے ہیں
- **حفاظتی جیکٹس** - حفاظتی جیکٹس عام طور پر اس وقت تجویز کیے جاتے ہیں جب صفائی ستھرائی کا کام سڑکوں پر کیا جا رہا ہو لیکن یہ صرف ان تک ہی محدود نہیں لہذا اپنے بہترین فہم کا استعمال کریں۔ (ہمارے پاس محدود ذخیرہ ہے)



# کچرا اکٹھا کرنا (Houston):

- کچرے دان (سرگرمی کی تاریخ سے 4 ہفتے قبل درخواست کریں)
- آپ کو ٹھیک ٹھیک تاریخ فراہم کرنا ہو گا اور اس علاقے کی ایک تفصیلی تصویر بنانی ہو گی جہاں کنٹینر کھڑا کیا جائے گا۔
- کچرے دان جمعے کی شام/ہفتے کی صبح پہنچائے جاتے ہیں اور پیر کو واپس لیے جاتے ہیں۔
- تھیلے میں بند کچرے کو کچرے دان تک پہنچانے کے لیے ایک پک اپ ٹرک کی ضرورت ہے۔
- بھاری کچرا - جس علاقے میں آپ کام کر رہے ہیں، وہاں کے ایریا کوڈ میں شیڈول طے کرنے کے لیے کچرا اٹھانے کے محکمے کی ویب سائٹ سے رجوع کریں۔

# آپ کا شکریہ

# رابطے کریں

### رابطہ مہم کیا ہے؟

رابطہ مہم سے مراد کسی پڑوس میں گھر گھر جانا اور کمیونٹی اراکین کے ہمراہ اہم مسائل کے اوپر بات چیت کرنا ہے۔ تنظیم سازی کا یہ ایک بنیادی عنصر ہوتا ہے۔

اپنے پڑوس میں رابطہ مہم (جس میں گھر گھر جانا اور گھما گھمی والے علاقوں میں جانا دونوں شامل ہیں) کمیونٹی اراکین کے ساتھ ان مسائل پر گفتگو کا سب سے موثر طریقہ ہے کہ جو ان کے لیے اہمیت رکھتے ہیں۔

رابطہ مہم تشکیل دینے میں آپ کی دلچسپی کا شکریہ۔ یہ گائیڈ اس عمل کے ہر مرحلے سے آپ کو متعارف کروائے گی اور آپ کو کامیاب ہونے کے لیے درکار تمام وسائل فراہم کرے گی۔ گڈ لک!

### رابطہ مہم کی منصوبہ بندی کرنا

**مرحلہ 1: جمع ہونے کے لیے کوئی مقام منتخب کریں**
تعین کریں کہ آپ کا "جمع ہونے کا مقام" کون سا ہو گا۔ یہ وہ جگہ ہے کہ جہاں رابطہ مہم سے پہلے اور اس کے بعد لوگ جمع ہوں گے۔ آپ کا جمع ہونے کا مقام کوئی ذاتی گھر، پارک، اسکول، یا دیگر ایسا کوئی بھی مقام ہو سکتا ہے جہاں آپ کے گروہ کے افراد سما سکیں اور جہاں ایک مختصر تربیت کے لیے گنجائش موجود ہو۔

**مرحلہ 2: رضاکار بھرتی کریں اور ایک ٹیم تیار کریں**
اپنی رابطہ مہم میں شرکت کے لیے جتنا زیادہ ممکن ہو رضاکار مدعو کریں۔ رضاکاروں کی تلاش کے لیے لوگوں کو فون کریں اور اپنے دوستوں، پڑوسیوں اور ساتھی کارکنان کے نیٹ ورکس کو ٹٹولیں۔ آپ چاہیں تو اپنے فلائرز بھی تیار کر سکتے ہیں جو رابطہ مہم کی تشہیر کریں اور انہیں اپنی مقامی کافی شاپ، پرچون کی دوکان یا لائبریری میں لگائیں۔

**مرحلہ 3: اپنی تمام چیزیں تیار کریں**
یہ امر ذہن میں رکھتے ہوئے رابطہ مہم کے لیے مقامات کی ایک فہرست تیار کریں کہ پیدل چلنے کے قابل پڑوس اور زیادہ گھما گھمی والے عوامی مقامات پر رابطہ مہم چلا سکتے ہیں۔ نقشوں کو اتنی تعداد میں فوٹو کاپی کروانا یقینی بنائیں کہ ہر ایک کے پاس ایک نقل ہو اور ہر فرد کو گلیوں کی مناسب تعداد تفویض کریں۔

**یہاں ان دیگر اشیاء کی فہرست ہے جنہیں آپ کو تیار رکھنے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے:**

- نقشہ اور واک لسٹ - واک لسٹ ان تمام گھرانوں پر مبنی ہوتی ہے جہاں آپ کو لازماً جانا چاہیئے۔ اگر آپ اپنے واک شیٹ پیکٹس کو جوڑی کی شکل میں تیار کریں تو یہ بہترین ہو گا تاکہ دو افراد ایک ہی علاقے میں ایک ساتھ جا سکیں۔

- اسکرپٹ - اسکرپٹ کا مقصد آپ کی گفتگو کے لیے ایک گائیڈ کے طور پر کردار ادا کرنا ہے۔ اس میں متعدد وہ سوالات ہوں گے جنہیں آپ کو رہائشیوں سے بات چیت کے دوران ان سے پوچھنا چاہیئے۔
- مہم کا لٹریچر - ہر رہائشی کو ان کی ایک نقل دیں۔ اگر فرد گھر پر نہیں، تو لٹریچر کسی دوسرے فرد کے پاس چھوڑ دیں یا ان کی دہلیز پر چھوڑ دیں۔ کوئی بھی لٹریچر ڈاک کے ڈبے میں مت ڈالیں کیونکہ یہ غیر قانونی ہے۔
- ٹیلی شیٹ - ٹیلی شیٹ عمومی طور پر آپ کی واک شیٹ کا حصہ ہو گی۔ ہر رہائشی سے دورانِ گفتگو یہ امر انتہائی اہم ہے کہ آپ یہ بات چیت ،اسکرپٹ میں موجود سوالات کے مطابق ان سے ملنے والے جوابات کے ساتھ واک شیٹ پر درست طور پر کوڈ کریں۔ ہماری منظم کوششوں کے لیے درست ڈیٹا انتہائی ضروری ہے۔
- پین اور ایک کلپ بورڈ - رابطہ مہم کو آسان بنانے کے لیے درکار سامان کو یقینی بنانے کے ذریعے تیار رہیں، اپنی پوری ٹیم کی تعداد کے مطابق پین اور کلپ بورڈز اپنے پاس رکھیں۔ لکھنے کے لیے کلپ بورڈ کی موجودگی،آپ کے لیے گفتگو کے نتائج کو درج کرنا بے حد آسان بنا دے گی۔
- پیدل چلنے لائق آرام دہ جوتے اور پانی - اپنے رضاکاروں کو بتا دیں کہ وہ چند گھنٹے پیدل چلنے کے لیے تیار رہیں اور اس دورانیے کے لیے پانی ساتھ لائیں۔
- رابطہ معلومات - عملے یا دیگر رضاکار جن کے ہمراہ آپ کام کر رہے ہیں، ان کے ساتھ سیل فون نمبرز کا تبادلہ کریں، مبادہ آپ تاخیر کا شکار ہوں یا کھو جائیں۔

**مرحلہ 4: یاددہانی کی کالز کریں**

ہر اس فرد کو یاددہانی کی کالز کرنا یقینی بنائیں جنہوں نے آن لائن سائن اپ کیا ہے یا شرکت کرنے کے بارے میں آپ کو زبانی مطلع کیا ہے۔ اگر آپ ان سے پختہ عزم کا تقاضہ کرتے ہیں تو اس سے شرکت کرنے والوں کی تعداد میں شاندار اضافہ ہو گا۔

## اپنی رابطہ مہم کا آغاز کرنا

جمع ہونے کے مقام پر ہر ایک فرد کو 20 سے 30 منٹ قبل بلائیں اور ایک مختصر میٹنگ کے ذریعے رابطہ مہم کا آغاز کریں۔ رابطہ مہم کا آغاز کرنے والی میٹنگ میں ان امور پر نظر ڈالیں:

1. شمولیت پر شکریہ ادا کریں اور ہر ایک کو یاددہانی کروائیں کہ آپ آج کیوں رابطہ مہم کر رہے ہیں۔
2. تعارف - ہر فرد خود کو متعارف کرواتا ہے
3. توقعات طے کرنا - اُس تعداد کے حوالے سے اپنے ہدف کا اشتراک کریں کہ جس تعداد میں آپ دروازوں پر جانے کا اور لوگوں سے بات چیت کی کوشش کا ارادہ رکھتے ہیں۔
4. اسکرپٹ پر نظرِثانی کریں اور ایک ساتھی کے ساتھ فرضی کردار ادا کریں (5 منٹ)
5. لاجسٹکس کی وضاحت کریں - لوگوں سے خطاب کریں کہ انہیں کیسے گروہی شکل میں منظم ہونا چاہیئے، نقل و حرکت کے حوالے سے ضروری تفصیلات فراہم کریں اور مواد تقسیم کریں۔

اپنی رابطہ مہم کے بعد، حصولِ معلومات کی غرض سے ایک میٹنگ کا انعقاد کریں تاکہ معلوم ہو کہ رابطہ مہم کے دوران کتنے دروازوں پر گئے، نیز کوئی سوالات یا رابطہ مہم کے دوران سامنے آنے والے مسائل کے بارے میں دوطرفہ حساب کتاب ہو سکے۔

**رابطہ مہم کے لیے تجاویز**

**محفوظ رہیں!**
گھروں کے اندر مت جائیں، خواہ آپ گروہی شکل میں ہی کیوں نہ ہوں۔ کسی بھی ایسے دروازے پر دستک نہ دیں جس کے بارے میں آپ غیر مطمئن ہوں۔ دروازے پر لوگوں کو مصافحے کی پیشکش مت کریں - یہ لوگوں کو اکثر ناگوار گزر سکتا ہے - لیکن اگر وہ پیشکش کریں تو ان سے مصافحہ کریں۔

**مسکرائیں!**
کسی بھی رہائشی سے رابطے کا یہ سب سے بنیادی اصول ہے۔ اگر ایسا دکھائی دیتا ہے اور محسوس ہوتا ہے کہ گویا آپ خوش و خرم ہیں، تو لوگ آپ سے گفتگو کرنے میں اور ان مسائل پر بات کرنے میں زیادہ دلچسپی رکھیں گے جو ان کے لیے اہم ہیں۔

**مثبت سوچ رکھیں!**
اور ان افراد سے بحث مت کریں جو آپ سے عدم اتفاق رکھتے ہوں۔ وقت نکالنے کے سبب شفقت کے ساتھ ان کا شکریہ ادا کریں اور آگے بڑھ جائیں۔ آپ کا وقت قیمتی ہے، اور ایسے بہت سے رہائشی ہیں کہ جن سے رابطہ کیا جانا ہے۔

**خود کو ماہر کے طور پر ظاہر مت کریں۔**
ممکن ہے کہ کوئی آپ سے ایسا سوال کرے جس کا جواب آپ نہ جانتے ہوں۔ اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ آپ کو یہ اعتراف کرتے ہوئے کبھی بھی خوفزدہ نہیں ہونا چاہیئے کہ آپ تفصیلات نہیں جانتے۔ اگر آپ پُریقین نہیں، تو یہ بتا دیں۔

*انتساب - اس فریم ورک کے لیے*
*تبدیلی کے ان پٹس اور وسائل فراہم کیے گئے تھے منجانب:*
*Mobilize America, SwingLeft Academy, Organizing for Action, CallHub*